خواجہ حامد بن جمیل

# اسلامی مشن - فیصل آباد کا ذخیرہ کتب

## (مطالعۂ مسیحیت کے حوالے سے)

["اسلامی مشن" کے نام سے ۲۸ برس پہلے مسلم - مسیحی مناظرے سے دلچسپی رکھنے والے چند افراد نے جو بیج بویا تھا، وہ توانا پودے کی شکل میں بتدریج پروان چڑھ رہا ہے۔ "اسلامی مشن" اپنے مرکزی دفتر واقع سنت نگر (لاہور) سے اب تک کم و بیش ۱۲۰ تبلیغی کتابچے شائع کر چکا ہے۔ ان میں سے بعض پر "عالمِ اسلام اور عیسائیت" کے صفحات میں تبصرہ بھی شائع ہوا ہے۔ تقریباً آٹھ برس پہلے "اسلامی مشن" کی ایک شاخ فیصل آباد میں قائم کی گئی۔ اس شاخ کے کتب خانے میں نہ صرف "اسلامی مشن" کے مرکزی دفتر سے شائع ہونے والا تمام لٹریچر برائے استفادہ موجود ہے، بلکہ شاخ کے نگران جناب خواجہ حامد بن جمیل کی کوششوں سے مطالعۂ مسیحیت کے حوالے سے کتابیں بھی جمع ہو رہی ہیں۔ کتب خانے میں موجود سب کتابوں کو "نادر و نایاب" تو نہیں کہا جا سکتا، تاہم ان میں ایسے کتابچے بھی شامل ہیں جنھیں شائع ہوئے ایک صدی سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے۔

اسلامی مشن - فیصل آباد کے ذخیرہ کتب میں موجود اُن مطبوعات کی فہرست پیش کی جاتی ہے جو ۱۹۵۱ء سے پہلے شائع ہوئی ہیں۔ کوشش کی گئی ہے کہ کتاب کے مصنّف، ترجمے کی صورت میں مترجم، ناشر، سالِ اشاعت اور تعداد صفحات کا ذکر کرنے کے ساتھ ایک دو جملوں میں کتاب کا تعارف بھی کرا دیا جائے۔ فہرست مصنّف کے نام سے مرتّب کی گئی ہے، البتہ جن مطبوعات پر مصنّف یا مترجم وغیرہ کا نام درج نہیں، اُنہیں "عنوان" کے ساتھ درج کیا گیا ہے۔ فہرست واضح طور پر تین حصّوں میں منقسم ہے۔ حصّہ اوّل میں کتابِ مقدّس اور غیر مستند اناجیل کے نسخوں کا تعارف ہے۔ دوسرے حصّے میں مسیحی اہلِ قلم کی کاوشوں کا ذکر ہے، تیسرے حصّے میں جو بہت ہی مختصر ہے، چند کم یاب کتابچوں کا تعارف ہے جو مسلم اہلِ علم کی تحقیق و جستجو کا نتیجہ ہیں۔

اُمید ہے خواجہ حامد بن جمیل کی زیرِ نظر کاوش دیکھتے ہوئے مطالعۂ مسیحیت اور مسلم - مسیحی مکالے سے دلچسپی رکھنے والے دوسرے اہلِ علم بھی اپنے ذخائر کا جائزہ لیں گے اور فہارس مرتّب کریں گے۔ مدیر]

## کتابِ مقدّس کے تراجم

### *اُردو

زبور کی کتاب — مرزا پور: آرفن پریس (۱۸۶۷ء)، ۹۲ ص۔ ["نارتھ انڈیا بیبل سوسائٹی" کی جانب سے شائع کی گئی۔]

عہد نامہ جدید — لندن: ولیم واٹس (۱۸۶۰ء)، ۵۱۱ ص۔

عہد نامہ عتیق (تورات) — سیرام پور: مشن پریس (۱۸۲۲ء)، ۸۳۱ ص۔

کلامِ مقدّس — روما: سوسائٹی آف سینٹ پال (۱۹۵۲ء)، ۱۳۱۴+۱۵۱ +۵ ص۔

متی کی انجیل (عربی-اُردو) — لاہور: برٹش اینڈ فارن بائبل سوسائٹی (۱۹۲۷ء)، ۱۸۷ ص۔

### *پنجابی

عہد نامہ جدید (منظوم ترجمہ) — لاہور: پنجابی دربار پبلشنگ ہاؤس (۱۹۶۵ء)، دو جلدیں [مترجم جوشوا فضل الدین ہیں۔]

## غیر مستند اناجیل

انجیل برنباس — کراچی: صدیقی ٹرسٹ (س - ن)، ۴۶۱ ص [مولوی عبدالحلیم انصاری کا ترجمہ ہے جو بہت عرصہ پہلے شائع ہوا تھا۔ صدیقی ٹرسٹ کے ایڈیشن پر سالِ اشاعت درج نہیں، مگر گزشتہ چند برسوں میں چھپا ہے۔]

حیات المسیح (تبتی انجیل) — راولپنڈی: چودہویں صدی پریس (۱۹۰۱ء)، ۴۲ ص [ڈاکٹر صادق علی نے ترجمہ کیا ہے۔]

## ۲

## مسیحی کتابیں

اپسن، اے - ٹی — ایک تاریخی واقعہ اور اِس کا اخلاقی نتیجہ

| | |
|---|---|
| | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۶ء)، ۳۱ ص۔ [حضرت مسیح علیہ السلام کے ظہور سے نسلِ انسانی کو پہنچنے والے اخلاقی فوائد کا ذکر ہے۔] |
| اسماءالٰہی | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۰۸ء)، ۱۳ ص۔[خداوند کے اسماء صفات کا مسیحی نقطۂ نظر کے مطابق بیان اور تشریح] |
| اکبر مسیح | خداوند مسیح کی صلیبی موت<br>لاہور: اخوت اندریاسیہ پنجاب (۱۹۳۲ء)، ۱۶ ص۔ [واقعہ صلیب کو انجیل اور قرآن سے ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔] |
| انجیل مقدّس کے چند چیدہ چیدہ مضامین | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۸ء)، ۲۱ ص۔ [انجیل کے مضامین کی فہرست مع حوالہ جات] |
| انگرم، ڈیننگن | روح القدس کا کام و پیغام<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۱۲ء)، ۱۸۲ ص۔[روح القدس کی ذمہ داریوں اور برکات کا ذکر] |
| اور، جیمز | حل مشکلات<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۱۱ء)، ۲۰۰ ص۔ [خدا اور دُنیا کے متعلق مسیحی مذہب کی رائے] |
| برونر، ای | پیغامِ حق<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (س-ن)، ۱۲۸ ص۔ [نسلِ انسانی کی نجات کے لیے خدا نے کیا انتظام کیا ہے۔] |
| بشل، ڈاکٹر | عیسیٰ کی سیرت<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۳۰ء)، ۴۸ ص۔ |
| بلیر، ای ہربرٹ/ این-ایس-میسی (مترجم) | پولس: ایک مسیحی ماہر مالیات<br>سیالکوٹ: مترجم (س-ن)، ۱۴۸ ص۔ |
| تاراچند، پادری (مترجم) | تحفتہ النساء<br>لودھیانہ: امریکن مشن پریس (۱۸۸۵ء)،۔ [نامور مسیحی خواتین کا بارہ حصّوں میں تذکرہ] |
| توبہ کی حقیقت | لودھیانہ: امریکن مشن پریس (۱۸۸۷ء)، ۲۰ ص۔ |
| ٹیکل، پادری جے | الطریقت |

| | |
|---|---|
| | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۴ء)، ۹۴ ص۔ |
| ٹھاکر داس، پادری | آیندہ زندگی<br>لودھیانہ: کرسچین لٹریچر سوسائٹی فار انڈیا (۱۹۰۸ء)، ۶۸ ص۔<br>[آواگون اور مسیحی تصورِ آخرت کا تقابل] |
| ٹھاکر داس، جی۔ایل | بائبل اور سائنس (بجواب آریہ گزٹ)<br>لودھیانہ: امریکن ٹریکٹ سوسائٹی (۱۹۰۵ء)، ۸۷ ص۔<br>حکمت الالہام<br>لودھیانہ: امریکن مشن پریس (۱۸۹۲ء)، ۱۲۲ ص۔ [مسیحی نظریۂ الہام کی وضاحت]<br>سیرۃ المسیح والمحمد<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۸۹۷ء)، ۴۸ ص۔ [حضرت محمد ﷺ پر حضرت مسیح علیہ السلام کی برتری ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔] |
| حشمت اللہ، مولوی ڈاکٹر | براہین نیّرہ<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۷ء)، ۵۲ ص۔ [انجیل میں تحریف کی نفی کی گئی ہے۔] |
| حق، پادری ایس | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۵۰ء)، ۵۰ ص۔ [سوال و جواب کی صورت میں بنیادی مسیحی تعلیمات] |
| دسواں حصہ خداوند کا ہے۔ | لودھیانہ: مشن پریس (۱۸۸۶ء)، ۱۸ ص۔ [خداوند کی راہ میں خرچ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔] |
| ڈابلی، پادری | محبت الٰہی<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۲ء)، ۵۲ ص۔ [مسئلہ کفارہ پر گفتگو کی گئی ہے۔] |
| ڈارسی، رائٹ/آئی۔یو۔ ناصر (مترجم) | تعلیم المسیح<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۰۸ء)، ۱۴۸ ص۔ |
| رائسٹن، ڈبلیو۔ڈی | مدح سرائی کی نسبت گفتگو<br>سیالکوٹ: یونائیٹڈ پریسبیٹرین پبلی کیشن کمیٹی (۱۸۹۲ء)، ۱۵۱ ص۔ [زبور کے مزامیر کس طرح گائے جائیں۔] |

| | |
|---|---|
| زویمر، ایس۔ ایم | شریعت ارتداد<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۵ء)، ۳۰ص۔<br>مسیح کے نام<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۳۰ء)، ۱۶ص۔ [حضرت مسیح علیہ السلام کے ۹۹ صفاتی ناموں کی وضاحت] |
| سپنسر، اے۔ ایم فریڈرک | انجیلی اخلاق کا معاشرتی اطلاق<br>لاہور: پنجاب ریلجس سوسائٹی (۱۹۳۲ء)، ۱۹ص۔ |
| سمپسن، اے۔ پی۔ | دعاے شفا<br>لاہور: پادری آر۔ ڈبلیو۔ کمنگس (س۔ ن)، ۱۵۰ص۔ |
| شفاعت | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۳۱ء)، ۸ص۔ |
| طالب الدین، پادری | مقدمہ معجزات مسیح<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۰۵ء)، ۱۰۷ص۔ |
| عبدِ عیسیٰ/ پروفیسر محمد اسماعیل خان (مترجم) | خوانِ عقل<br>الٰہ آباد: مشن پریس (۱۹۱۸ء)، ۱۳۶ص [اسلامی تعلیمات پر اعتراضات کیے گئے ہیں۔] |
| علی بخش، پادری جے | خلافت<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۴ء)، ۲۲ص۔ |
| عمادالدین، پادری مولوی | تنقید الخیالات<br>الٰہ آباد: مشن پریس (۱۸۸۲ء)، ۴۸ص [اِس بات کا جائزہ لیا گیا ہے کہ آیا عقلِ انسانی کے لیے کوئی رہنما ہے یا نہیں؟]<br>میں کون ہوں؟<br>لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۳۳ء)، ۱۵ص۔ [مؤلف نے اسلام سے مسیحیت کے حلقے میں آنے کے اسباب بیان کیے ہیں۔] |
| فلیمنگ، ڈی۔ جے | لیبریٹوری میتھڈ [Laboratory Method]<br>لودھیانہ: کرسچن لٹریچر سوسائٹی فار انڈیا (۱۹۱۱ء)، ۲۲ص۔ [دینی حقائق کی سائنسی انداز سے تحقیق کی اہمیت] |
| قلندر، قسیس جان | مسئلۂ تخلیق |

الہ آباد: کرسچین لٹریچر سوسائٹی فار انڈیا (۱۹۲۱ء)، ۶۹ ص۔
[بائبل، قرآن اور جدید نظریات کی روشنی میں کائنات کی تخلیق پر بحث]

گولک ناتھ، پادری ایچ
تناسخ کا کھنڈن مسیحیت کا منڈن
لودھیانہ: مشن سٹیم پریس (۱۹۰۹ء)، ۳۲ ص [ہندوؤں کے نظریۂ تناسخ کی تردید]

گیرڈنر، ڈبلیو - ایچ - ٹی امسز
ایف - ڈی وارث (مترجم)
مسیحیت کا بانی
لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۳۷ء)، ۳۴ ص۔ [مسیحی اور مسلم تصوّرِ الہام کی توضیح و تشریح]

گیون، میڈمم
طریقِ دُعا
لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۰۶ء)، ۸۸ ص۔

لیونیان، لطفی
خودداری
لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۳۶ء)، ۱۸ ص۔

لینڈرم، رابرٹ - اے
مسیحی تعلیم کا خلاصہ
لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۶ء)، ۱۴۹ ص۔

محمد اسماعیل خان، پروفیسر
دو سوال
لودھیانہ: کرسچن لٹریچر سوسائٹی فار انڈیا (۱۹۱۰ء)، ۵۷ ص۔ [خدا پر ایمان لانے اور عرفان حاصل کرنے کی ضرورت پر بحث] نیز دیکھیے: عبدِ عیسیٰ

مختصر نماز کی ترتیب
لاہور: کرسچین نالج سوسائٹی (۱۹۳۳ء)، ۴۶ ص۔ [روزمرہ کی مسیحی عبادت سے متعلق ہے۔]

مسیح کے خاص دوست
لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (س - ن)، ۱۴۹ ص۔ [حواریانِ مسیح علیہ السلام کے حالات اور کردار]

مشرق کی نابود تہذیب
لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۰۷ء)، ۱۰۸ ص۔ [وہ تاریخی باتیں جو تہذیب و شائستگی کا تسلیم شدہ معیار ہیں۔]

مقامِ مریم
لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۵ء)، ۸ ص۔ [قرآن اور انجیل کی روشنی میں حضرت مریم کی فضیلت کا بیان]

مقیم الدین انصاری
مسیحیت اور معاشرت

| | |
|---|---|
| | لاہور: اخوت اندریا سیہ پنجاب (۱۹۴۰ء)، ۱۲۴ ص۔ |
| میمن، پادری ڈبلیو | تحریف انجیل وصحت انجیل |
| | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۹ء)، ۱۳۱ ص۔ [تحریف انجیل کی تردید اور چند اپاکریفل اناجیل کے مضامین کا تعارف] |
| میسی، این - ایس | دیکھیے: بلیر، ای - ہر برٹ |
| ناصر، آئی - یو | دیکھیے: ڈارسی رائٹ |
| نبوت | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۳۳ء)، ۸ ص۔ [بنی اسرائیل کے لیے نبوت کی تخصیص] |
| نثار دہلوی، جیمس دیال | گلدستہ انجیل |
| | میرٹھ: احسن المطابع (۱۸۸۸ء)، ۳۹ ص۔ [انجیل کے چیدہ چیدہ مضامین اور واقعات کو نظم کیا گیا ہے۔] |
| وارث، مسز ایف - ڈبلیو (مترجم) | کامل شریعت |
| | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۳۷ء)، ۲۲ ص۔ |
| الوازرہ | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۳۳ء)، ۷ ص [قرآنی آیت لاتزرو وازرۃ و زراُخری (بنی اسرائیل: ۱۵) پر اعتراضات کیے گئے ہیں۔] |
| ویس، ہنری، پادری | مسیحی دین اور اخلاق |
| | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۰۵ء)، ۳۲۷ ص۔ |
| ہوپر، پادری | بے گناہی مسیح |
| | لاہور: پنجاب ریلجس بک سوسائٹی (۱۹۲۲ء)، ۴۹ ص۔ |

## ۳

# مسلم اہلِ علم کی کتابیں

| | |
|---|---|
| امرتسری، ثناء اللہ | اثبات التوحید بجواب اثبات التثلیث |
| | امرتسر، ثنائی الیکٹرک پریس (س - ن)، ۳۰ ص۔ |
| | حضرت محمد رشی |

| | |
|---|---|
| | امرتسر: ثنائی برقی مطبع (۱۹۲۳ء)، ۱۹ص [تورات، اناجیل اور ویدوں سے حضرت محمد ﷺ کے بارے میں پیش گوئیاں جمع کی ہیں۔] |
| غلام محمد، مولوی | الوہیت مسیح کا ابطال<br>سیالکوٹ: مفید عام پریس (۱۳۲۴ھ)، ۹۴ص۔ |
| فیروزالدین، مولوی | الوہیت مسیح اور تثلیث کا رد<br>سیالکوٹ: مفید عام پریس (۱۹۰۸ء)، ۹۴ص۔ |
| قریشی، میرالدین، حکیم حاجی | انجیل بولتی ہے کہ ---؟<br>نارووال: مؤلف (س-ن)، ۴۸ص [تحریفِ انجیل ثابت کی گئی ہے۔] |
| محمد عباد اللہ، خواجہ | ام القریٰ<br>امرتسر: منشی مولا بخش کشتہ (۱۹۱۷ء)، ۶۹ص۔ |
| محمد گوندلوی، حافظ | اثبات التوحید بابطال التثلیث<br>لاہور: اسلامیہ اسٹیم پریس (س-ن)، ۵۰ص۔ |